© rasailojaraid.com



ساغر اقبالی

# زبان میری بات ان کی

* سو بڑے مار دیں۔ عوام مرنے سے بچ جائیں گے (حکیم محمد سعید)

کم از کم حجاج بن یوسف کو آنا چاہیے!

* بے نظیر اپنی والدہ کو نشے کے ٹیکے لگوا کر ہلاک کرنے کی سازش کر رہی ہیں۔ (ڈاکٹر غلام حسین)

بیٹے کے بعد ماں کی باری۔ ہائے دولت!

* ڈھاکہ میں چوری سکھانے کا سکول کھل گیا۔ (ایک خبر)

کار طفلاں تمام خواہد شد!

* مہنگی بجلی پر غصہ آتا ہے۔ (نواز شریف)

تو بجلی سستی کر کے غصہ ٹھنڈا کر لیں۔

* خدمت کمیٹیوں میں پانچ دس فیصد کرپٹ لوگ ہیں تو کوئی بات نہیں۔ (شیخ رشید)

دودھ میں پانچ دس فیصد پیشاب ہے تو کوئی بات نہیں۔

* عاق کیوں کیا؟ نوجوان نے باپ کو زخمی کر کے خود کشی کر لی (ایک خبر)

دین سے دوری کا نتیجہ

* جابر تھانیدار نے رشوت نہ ملنے پر بچے کی نعش چیر پھاڑ دی۔ (ایک خبر)

ماں کی آہیں تھانیدار کا پیچھا کریں گی۔

* نئے وزراء نے من پسند کمرے نہ ملنے پر دفاتر میں بیٹھنے سے انکار کر دیا۔ (ایک خبر)

غریبوں کی خدمت ایسے ہی تو نہیں ہو جاتی۔

* اسرائیل نے مدینہ منورہ پر حملے کی دھمکی دے دی۔ (ایک خبر)

کتے کی موت آتی ہے تو مسجد کا رخ کرتا ہے۔

* بلوچستان میں شراب کے لائیسنس بحال کر دیئے گئے۔ (ایک خبر)

اور باقی صوبوں میں دخترِ انگور بغیر لائسنس کے چل رہی ہے۔

* میرا دل غریبوں کے لئے دھڑکتا ہے۔ (نواز شریف)

اور غریب مہنگائی کے ہاتھوں دھڑک دھڑک کے مر رہے ہیں۔

* چھٹی ملی۔ تنخواہ نہ ملی۔ غریب کلرک دفتر میں گر کر دم توڑ گیا۔ (ایک خبر)

کلرک کی ہڈی سونا ہے مزدور کی چربی چاندی ہے۔

* ہمارے ہاں جس کی صحت خراب ہو۔ وذیر صحت بن جاتا ہے۔ (شیخ رشید)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



طلباء کی دو قسمیں ہیں۔ شاگردِ رشید اور شیخ رشید۔

* سابق صدر فاروق لغاری نے انجمن تاجران ملتان کینٹ کے عہدیداروں سے حلف لیا (ایک خبر)

صدارت چلی گئی مگر حلف لینے کی عادت نہ گئی

* اپنی پارٹی میں صرف مڈل کلاس شامل کروں گا۔ (فاروق لغاری)

تاکہ ان پر صدارتی حکم چلا سکوں

* وزیر اعلیٰ کے بیان "اساتذہ کی چھترول" کے خلاف ملتان ڈویژن کے ٹیچروں کا تدریسی بائیکاٹ۔ (ایک خبر)

یہ ہے وزارت اعلیٰ تک پہنچنے کا سائنٹیفک طریقہ

* (کوٹ ادو) مسجد میں ٹی وی چلتا رہا۔ امام کی تکبیریں نواز شریف کے خطاب میں دب گئیں۔ (ایک خبر)

چوں کفر از کعبہ برخیزد کجا ماند مسلمانی!

* بیورو کریسی کو ایک سے زیادہ سرکاری گاڑیاں۔ پندرہ اپریل تک واپس کرنے کا حکم۔ (ایک خبر)

آج دیں، کل لیں...... نو نقد تیرہ اُدھار

* خواتین کے ساتھ بیٹھنے سے منع کرنے پر کنڈیکٹر پر پولیس تشدد۔ (ایک خبر)

کنڈیکٹر، پولیس سے زیادہ غیرت مند نکلا

* بھٹو پھانسی چڑھ گئے۔ ایٹمی پروگرام کا سودا نہ کیا (بے نظیر) مکروفریب کی کوئی حد ہوتی ہے۔

* خدمت کمیٹیاں کس کی خدمت کریں گی ("جنگ" کی ایک سرخی)

اپنے اپنے عزیزو اقرباء کی!

* "چودھویں کا چاند ہو" نابینا نے نواز شریف کو گانا سنایا، دس ہزار لے لئے۔ (ایک خبر)

شہنشاہوں کی یاد تازہ کر دی۔

* پولیس کا جادو۔ آدھا کلو ہیروئن تھانے پہنچتے ہی پندرہ گرام رہ گئی۔ (ایک خبر)

یہاں شہد کڑوا اور دودھ بھی کالا ہو سکتا ہے۔

* ذہنی رجحان کے بغیر بچوں کو پڑھانا بچوں پر ظلم ہے۔ (ماہرین نفسیات)

اگر پڑھائی کے بغیر ہی نمبر لگوا لئے جائیں تو کیسا۔؟

* قوم بھٹو کی پھانسی کے گناہ کا عذاب بھگت رہی ہے۔ (شیخ رفیق)

گویا آپ بھی بھٹو کو پھانسی لگوانے والوں میں سے تھے۔

* جلد ہر پاکستانی سکون کی نیند سوئے گا۔ (نواز شریف)

فی الحال تو تیس چالیس روزانہ سکون کی نیند سو جاتے ہیں۔

* سابق حکمرانوں نے ملک کو دونوں ہاتھوں سے لوٹا (نواز شریف) آپ ایک ہاتھ سے لوٹ رہے ہیں

© rasailojaraid.com